# 8975 ـ امام كے ليے اذان اور اقامت كہنا اور نماز پڑھانا جائز ہے

**سوال**

كيا امام كے ليے جائز ہے كہ وہ خود ہى اذان كہے اور اقامت كہنے كے بعد نماز بھى خود ہى پڑھائے، يا كہ كسى اور شخص كے ليے اذان اور اقامت كہنا ضرورى ہے، اور امام جماعت كروائے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

جى ہاں اس ميں كوئى حرج نہيں.

امام كے ليے ايك ہى وقت ميں اذان دينا، اور اقامت بھى كہنا اور خود ہى جماعت كروانا جائز ہے، كيونكہ يہ سب اعمال اطاعت اوراللہ تعالى كا قرب حاصل كرنے كے ليے ہيں، اس ميں كچھ مانع نہيں.

بلكہ يہ اعمال تو عظيم اطاعت اور سب سے بڑے قرب والے ہيں.